سوال

(602) انتخابِ امیر کے لیے جمہوری طریقہ ووٹنگ کا استعمال

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ووٹنگ کے ذریعے جو حکومت منتخب ہوتی ہے اور جو جمہوریت ہے کیا یہ اسلامی ہے؟ (مرزا آفتاب اقبال (ابو طلحہ) خورد ضلع جہلم) (۲۸ اگست ۱۹۹۸ئ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

انتخابِ امیر کے لیے عوام سے رائے طلب کرنا تو شریعت میں ثابت ہے۔ البتہ مغربی جمہوریت کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ ہمارے ہاں مروّج نظامِ جمہوریت اسلام سے متصادم ہے۔ اس کو بدلنا ازبس ضروری ہے۔ اس سلسلہ میں میرا ایک تفصیلی فتویٰ ماہنامہ محدث میں شائع شدہ ہے۔ اس کا مطالعہ کافی مفید ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الجہاد: صفحہ: 449

محدث فتویٰ